حق پرست عوام فاروق احمد خان لغاری کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔30، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق صدر مملکت فاروق احمد خان لغاری کی علالت پر گہری تشویش کا ظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ سابق صدر فاروق احمد خان لغاری کی جلد صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

کارکنان اور حق پرست عوام ایم کیو ایم یو کے لوٹن یونٹ کی بزرگ کارکن محترمہ طاہرہ آپا اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی کے چچا راشد عباسی کی صحت یابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔30 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم یو کے لوٹن یونٹ کی بزرگ کارکن محترمہ طاہرہ آپا کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے جو گزشتہ کئی دنوں سے لندن کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ طاہرہ آپا کو صحت کاملہ عطا کرے اور ان کی عمر دراز فرمائے۔جناب الطاف حسین نے متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے جوائنٹ انچارج شکیل عباسی کے چچا راشد عباسی کی صحت یابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔انہوں نے کارکنان اور حق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ ایم کیو ایم یو کے لوٹن یونٹ کی بزرگ کارکن محترمہ طاہرہ آپا اور شکیل عباسی کے چچا راشد عباسی کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

مراد میمن گوٹھ میں سندھی میمن برادری کے معززین کے 45 رکنی وفد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔30، جون 2010ء

اولڈ ملیر کے علاقے مراد میمن گوٹھ کی سندھی میمن برادری کے معززین کے 45 رکنی وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی، رضا ہارون، شاکر علی اور اشفاق منگی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارجز عارف حیدر، اسلم بلوچ، یوسف منیر شیخ، اراکین عزیز الرحمان، احمد رضا، ندیم سومرو، محمد علی کلمتی بلوچ اور راشد اکرام بھی موجود تھے۔ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سندھی میمن برادری کے معززین نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ ہی ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کا ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت کے باعث ہی سندھ بھر میں حق پرست عوامی نمائندے دکھی انسانیت کی عملی خدمت کررہے ہیں اور بلا امتیاز و تفریق عوام کے مسائل حل کررہے ہیں۔معززین نے کہا کہ ایم کیو ایم کا فکر و فلسفہ اور حق پرستانہ پیغام غریب و متوسط طبقے کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے اور اب ملک بھر میں غریب و متوسط طبقے کی قیادت کے انقلاب کو آنے سے کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کے خیالات کو سراہا اور ان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا۔

ہالانا کہ دھماکے میں جاں بحق افراد کو سپرد خاک کردیا گیا

نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران کی شرکت

حیدرآباد۔۔۔30، جون 2010ء

حیدرآباد ہالانا کہ میں ٹرک میں رکھے گئے گیس سیلنڈر کے ہولناک دھماکے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے پانچ افراد کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیو ایم کے ذمہ داران اور کارکنان نے شرکت کی۔تفصیلات کے مطابق ہالانا کہ دھماکے میں جاں بحق افراد محمد سعید، محترمہ کشور، عبد الرؤف، غضنفر خان اور سبز علی خان کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، رکن سندھ اسمبلی وسیم حسین، ایم کیو ایم حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف، زونل کمیٹی کے ارکان صابر قریشی، محمد فاروق، خالد حسین، رئیس حیدر، راشد خلجی، سیکٹرز اور یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحومین کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

لوڈشیڈنگ کے باوجود بجلی کی قیمت میں اضافہ سراسر ظلم ہے،عوام دشمن فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے،ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔30، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی سمیت سندھ بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باوجود نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں 14 پیسے فی یونٹ اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس فیصلے کوسراسرعوام دشمن فیصلہ قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی سمیت ملک بھر کے عوام اور کاروباری طبقہ دورانیئے کی لوڈشیڈنگ اوربجلی کے بحران کے باعث ذہنی اذیت کا شکار ہیں اور ملک بھر میں کاروباری وصنعتی سرگرمیاں شدید متاثر ہورہی ہیں ان حقائق کے باوجود بجلی کی قیمت میں 14 پیسے فی یونٹ اضافہ کا فیصلہ ستم بلائے ستم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک جانب انتظامیہ کی جانب سے بجلی کے بوسیدہ نظام کی درستگی اور پاورانرجی پیدا کرنے کیلئے مثبت اقدامات نہیں کئے جارہے ہیں جبکہ دوسری جانب بجلی کے نرخوں میں اضافہ کرکے عوام کو مہنگائی کے بوجھ تلے مزید دبایا جارہا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدرمملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بجلی کے نرخوں میں اضافے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،بجلی کی قیمت میں اضافے کا عوام دشمن فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک بھر کے عوام لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے عافیہ صدیقی کی والدہ کی عیادت کی

کراچی۔۔۔30، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرحق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے مقامی اسپتال جاکرڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ محترمہ عصمت صدیقی کی عیادت کی،قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ پیش کیااوران کی خیریت دریافت کی۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی کچھ دیرمحترمہ عصمت صدیقی کے ہمراہ رہے اوران کی صحت یابی کیلئے انہوں نے اپنے نیک خیالات کا اظہارکیا۔محترمہ عصمت صدیقی نے عیادت کرنے پر جناب الطاف حسین سے تشکریہ کا اظہار کیااوران کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے دعا کیں۔انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ قائدتحریک جناب الطاف کی کاوشوں سے عافیہ صدیقی کی رہائی ممکن ہوسکے گی۔

ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے سابق رکن محمد لطیف راجپوت حرکت قلب بند ہوجانے سے انتقال کرگئے
نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت،جناب الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔30جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آباد سیکٹر کے سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد لطیف راجپوت حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 42 سال اورشادی شدہ تھے،مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ اوردو بیٹے شامل ہیں۔دریں اثناء محمد لطیف راجپوت کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان گولیمار قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،مرحوم کی نماز جنازہ نورانی مسجد نزد دھجی گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست منتخب عوامی نمائندے،لیاقت آباد،ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے ارکان،یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد لطیف راجپوت کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد لطیف راجپوت مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)دریں اثناءایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی لیاقت آباد سیکٹر کمیٹی کے سابق رکن محمد لطیف راجپوت کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت،بلند درجات اورسوگواران صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

معین عامر کے نانا نواب الدین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔30جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم مرکزی شعبہ اطلاعات کے رکن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین عامر پیرزادہ کے نانا نواب الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے معین عامر سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن راشد حسین کی والدہ محترمہ زاہدہ خورشید، جیکب آباد زون یونٹ دوڑ کے زونل ممبر نذاکت علی بلوچ کے کمسن صاحبزادے محمد اسمائیل اور قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن محمد ظہیر کے کمسن صاحبزادے امان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے(آمین)

☆☆☆☆☆